
## جلدی جلدی گنو۔



باجی : یہاں ہر رکابی میں کُل کتنے امرود ہیں؟

شاہد : دو۔

باجی : ان ۴ رکابیوں میں کُل کتنے امرود ہیں؟

رضیہ : ۲ + ۲ + ۲ + ۲ اس طرح جمع کی جائے تو آٹھ امرود ہوتے ہیں۔


باجی : سمجھو اگر اس طرح کی آٹھ رکابیاں بھری جائیں تو کُل ملا کر کتنے امرود ہوں گے؟

شاہد : پھر ۲ کو آٹھ مرتبہ لے کر سب کی جمع کرنی ہوگی۔ ۲+۲+۲+۲+۲+۲+۲+۲ ان کی جمع ۱۶ ہوگی۔ مگر اس طرح جمع کرنے کے لیے بہت زیادہ وقت لگا۔

باجی : اس طرح ایک ہی عدد کی بار بار جمع کرنی ہو تو عددوں کے پہاڑے فائدہ مند ہوتے ہیں۔ وہ ہم سیکھیں گے۔ کچھ پہاڑے بنالو تو اس طرح کی جمع کرنا آسان ہوجاتا ہے۔تصویر کی مدد سے دیکھیں گے کہ کس طرح پہاڑے تیار کرتے ہیں۔

## تصویر دیکھو اور گن کر لکھو۔

(۱)




□ + □ + □ + □ + □ = □

(۲)



□ + □ + □ = □

(۳)




□ + □ = □

(۴)




☐ + ☐ + ☐ + ☐ = ☐

(۵)



☐ + ☐ + ☐ = ☐

(۶)



☐ + ☐ + ☐ + ☐ = ☐

## آؤ، کھیلیں :



(۱) کُل کتنی رکابیاں ہیں؟ ☐

ایک رکابی میں کتنے سنترے ہیں؟ ☐

کُل کتنے سنترے ہیں؟ ☐

۴ مرتبہ ۳ یعنی ۱۲ = ۳ + ۳ + ۳ + ۳

(۲) باغ میں گلاب کے پودے قطار سے لگائے ہوئے ہیں۔



کُل کتنی قطاریں؟

ایک قطار میں کتنے پودے؟

کُل کتنے پودے؟

☐ = ۳ + ۳ + ۳ + ۳ + ۳ یعنی

پانچ مرتبہ تین لے کر کی گئی جمع

اسے ہم ۱۵ = ۵ × ۳ اس طرح لکھیں گے۔

اسے تین ضرب پانچ برابر پندرہ اس طرح پڑھتے ہیں۔

’ × ‘ علامت ضرب کے لیے استعمال کی گئی ہے۔

ایک ہی عدد بار بار لے کر جمع کی جائے تو اس عدد کا پہاڑا تیار ہوجاتا ہے۔

6J7S59